نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلیئے اب تک 8 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کی رجسٹریشن مکمل ہو چکی ہے۔ سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور: 7 ستمبر 2024: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِ صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد ہوا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ پنجاب کسان پیکج کے تحت مختلف منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کیلیئے اب تک 8 لاکھ سے زائد کاشتکاروں کی رجسٹریشن کا عمل مکمل ہو چکی ہے۔ تحصیل کی سطح پر 134 وزیر اعلیٰ پنجاب کسان فراہمی مراکز قائم کر دیئے گئے ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کسان کارڈ کی فراہمی کا سلسلہ 15 اکتوبر تک جاری رہے گا۔ انھوں نے مزید کہا کہ قابل اور فرض شناس افسران کو کسان کارڈ فراہمی مراکز کے انفارمیشن ڈیسک پر مامور کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز سینٹرز پر جاری سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے۔ کسان کارڈ گندم کی فصل کیلیئے زرعی مداخل کی خریداری کیلیئے استعمال ہو گا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر سکیم کے تحت 9500 ٹریکٹرز فراہم کئے جائیں گے جبکہ 10 لاکھ روپے فی ٹریکٹر سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ گرین ٹریکٹر سکیم کیلیئے درخواستوں کی وصولی جلد شروع کی جائے گی۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت 1 ہزار سپر سیڈرز تیاری کے مراحل میں ہیں۔ سموگ کنٹرول کیلیئے محکمہ زراعت کے تحت آگاہی مہم جاری ہے۔ اجلاس میں اسپشل سیکرٹری زراعت آغا نبیل اختر، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (پلاننگ) کیپٹن (ر) وقاص رشید، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں، ڈائریکٹر جنرل زراعت (فیلڈ) انجنیئر سہیل احمد سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆